**27.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ بھارت اور یوروپی یونین نے تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی اور یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** دونوں نے اِس سمجھوتے کو **Mother of all Deals** قرار دیا ہے۔

☆ تجارت، سکیورٹی، دفاع اور صاف ستھری ہائیڈروجن سمیت کئی شعبوں میں دستخط کئے گئے ہیں۔

☆ جنوبی گوا میں انڈیا انرجی وِیک 2026 کا آغاز ہوگیا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا ہے کہ توانائی کے شعبے میں یہ پلیٹ فارم تیزی سے عالمی سطح پر مذاکرات کے فورم کے طور پر ابھرا ہے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے نئی دلّی میں پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے سبھی پارٹیوں کی میٹنگ کی صدارت کی ہے۔

☆ بھارت نے اقوامِ متحدہ میں آپریشن سندور کے بارے میں پاکستان کے جھوٹ اور غلط بیانی کو یکسر مسترد کرتے ہوئے، اُسے کرارا جواب دیا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ جموں و کشمیر سے پاکستان کا کوئی سروکار نہیں ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Energy Week**

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت-EU آزاد تجارتی معاہدے کو، سبھی معاہدوں میں سب سے بڑے معاہدے اور دنیا کی سب سے بڑی دو معیشتوں کے درمیان تال میل کی ایک عمدہ مثال قرار دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت-EU معاہدہ، بھارت-برطانیہ تجارتی معاہدے کی تکمیل کرتا ہے اور اِس سے مینوفیکچرنگ اور خدمات کے شعبے کو فروغ حاصل ہوگا۔

وزیراعظم نے یہ بات آج انڈیا انرجی ویک کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس اہم معاہدے سے ملک کے 140 کروڑ عوام اور پورے EU خطے میں لاکھوں لوگوں کو خاطر خواہ موقع فراہم ہوتے ہیں۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ اِن دو خطوں کا، عالمی GDP میں 25 فیصد اور عالمی تجارت میں ایک تہائی حصہ ہے۔

اُنہوں نے کہا کہ اقتصادیات کے علاوہ اِس معاہدے سے جمہوریت اور قانون کی بالادستی کے تئیں مشترکہ عزم کا اعادہ ہوتا ہے۔

**PM On EU Trade Deal**

اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ بھارت دنیا کی سب سے تیز رفتار سے ترقی کرتی ہوئی ایک بڑی معیشت ہے، جناب مودی نے کہا کہ بھارت، توانائی کے شعبے کیلئے موقعوں کی سرزمین ہے اور یہ ملک، عالمی سطح پر، پٹرولیم مصنوعات کے پانچ سرکردہ برآمدکار ملکوں میں سے ایک ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ انڈیا انرجی ویک، توانائی کے شعبے میں مذاکرات اور اقدام کیلئے بڑی تیزی سے ایک عالمی پلیٹ فارم بن کر اُبھرا ہے۔

اُنہوں نے زور دے کر کہاکہ انڈیا انرجی ویک ملک کے توانائی کے شعبے میں امکانات تلاش کرنے کا ایک پلیٹ فارم ہے اور اِس کی طرف پوری دنیا کے امکانی سرمایہ کار راغب ہوئے ہیں۔

**PM Modi on India Energy Week**

**PM India EU Talks**

بھارت اور یوروپی یونین نے آج آزاد تجارتی معاہدے کوقطعی شکل دے دی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی اور یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا، نیز یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فون ڈیر **Leyen** کے مابین ایک وفد کی سطح کی بات چیت نئی دِلی میں ہوئی۔

بھارت اور یوروپی یونین نے آج ایک دوسرے کے ساتھ سات معاہدے کئے ہیں، جن میں تجارت، سلامتی، دفاعی شراکت داری، نقل وحمل، قدرتی آفات سے نمٹنے اور ماحول کیلئے سازگار ہائیڈروجن کے میدان شامل ہیں۔

اِس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے کہاکہ بھارت اور یوروپی یونین کے تعلقات مستحکم ہوئے ہیں اور یہ رشتے نئی اونچائیوں کو پہنچے ہیں۔

یوروپی یونین، اشیا کے شعبے میں بھارت کی سب سے بڑی تجارتی شراکت دار ہیں۔ مالی سال **2024-25** کیلئے **EU** کے ساتھ اشیاء کے شعبے میں بھارت کی کُل تجارت تقریباً **136** ارب امریکی ڈالر ہے۔×

**Ursula Deal**

یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** نے کہا ہے کہ یوروپ اور بھارت نے ایک انتہائی اہم تجارتی سمجھوتہ کیا ہے۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِس سمجھوتے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک شروعات ہے اور اس سمجھوتے سے فریقین مستفید ہوں گے۔ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان یہ سمجھوتہ دو ارب افراد کیلئے سودمند ثابت ہوگا۔ یوروپ اور بھارت نے اپنی کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔ انہوں نے بھی، وزیرِ اعظم نریندر مودی کی طرح اِسے **Mother of all deals** قرار دیا۔ **x**

**Rajnath All Party**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ ہوئی، جس کی صدارت مرکزی وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کی۔ میٹنگ میں راجیہ سبھا کے لیڈر جے پی نڈا، پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو

اور کچھ دوسرے وزراء موجود تھے۔ کانگریس کے جے رام رمیش، ڈی ایم کے لیڈر Tiruchi Shiva اور کچھ دوسری پارٹیوں کے رہنما میٹنگ میں شامل ہوئے۔ کل سے پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہورہا ہے، جو دو اپریل تک جاری رہے گا۔ x

**Rajnath DRDO**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے جدید ترین ٹیکنالوجیز تیار کرکے ملک کے سلامتی کے فریم ورک کو مستحکم بنانے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ نئی دلی میں DRDO سائنسدانوں کی ایک خیرمقدمی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ DRDO کے پاس ایرونوٹکس، میزائل، ہتھیار بندی، جدید کمپیوٹنگ کے میدانوں میں 45 لیبارٹیریز ہیں، جس کی وجہ سے یہ تنظیم ملک کی دفاعی صلاحیتوں کی ایک اہم ترین تنظیم بن گئی ہے۔x

**India UN Sindoor**

بھارت نے، آپریشن سندور کے بارے میں، اقوام متحدہ میں پاکستان کی غلط بیانی کو یکسر مسترد کردیا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ اسلام آباد کو، بھارت کے اندرونی معاملات اور خاص طور پر مرکز کے زیرِ انتظام جموں وکشمیر کے بارے میں رائے زنی کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت نے سخت الفاظ میں کہا کہ یہ معمول کی بات نہیں ہے کہ دہشت گردی کو سرکاری پالیسی کے آلۂ کار کے طور پر پاکستان کی طرف سے لگاتار استعمال کئے جانے کو برداشت کیا جاتا رہے۔

اقوامِ متحدہ میں، بھارت کے مستقل نمائندہ پی-ہریش بین الاقوامی قانون کی بالادستی کی یقین دہانی: امن، انصاف اور تکثیریت کے احیاء کے راستے کے عنوان پر، سلامتی کونسل کے ایک کھلے مباحثے کے دوران، پاکستان کے سفیر عاصم افتخار احمد کی طرف سے کی گئی رائے زنی کا جواب دے رہے تھے۔x

**Nitin Nabin West Bengal**

BJP کے قومی صدر نتن Nabin آج سے مغربی بنگال کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ وہ اپنے اِس دورے میں کئی میٹنگوں میں حصہ لیں گے، جن کا مقصد ریاست میں انتخابات سے پہلے بنیادی سطح پر پارٹی کو مضبوط اور مستحکم کرنا ہے۔

جناب Nabin نے آج دُرگا پور میں پارٹی کی اہم ٹیم میٹنگ کی صدارت کریں گے، جس میں تنظیمی حکمتِ عملی، سیاسی منصوبۂ عمل اور آئندہ کے پروگراموں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

کل BJP کے پارٹی صدر جناب Nabin ، Purba Bardhaman میں Chitralaya میلہ میدان میں Bardhaman Bibhag کاریہ کرتا سمّیلن میں شرکت کریں گے اور پارٹی کارکنوں سے بات چیت کریں گے۔ x

**Nagaland First Drone School**

ناگالینڈ میں، ڈرون سے متعلق مہارت کا، پہلا ڈرون اسکول اور مرکز قائم کیا گیا ہے۔ یہ مرکز کوہیما میں ناگالینڈ GIS اور ریموٹ سنسنگ مرکز میں قائم کیا گیا ہے۔ اِس اسکول اور مرکز کا افتتاح کل 77ویں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے حصے کے طور

پر وزیراعلیٰ Nephiu Rio نے باقاعدہ طور پر کیا۔ یہ جدید ترین مرکز، منصوبہ بندی اور یکسر تبدیلی لانے سے متعلق محکمے کے تحت ریاستی GIS اور ریموٹ سنسنگ مرکز کی ایک قائدانہ پہل ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو جدید ترین ڈرون ٹیکنالوجی کے ہنر سے لیس کرنا اور اختراع پر مبنی روزگار کو فروغ دینا ہے۔

وزیراعلیٰ Nephiu Rio نے ڈرون اسکول کا افتتاح کرتے ہوئے اِسے حکم رانی، ترقی اور عوامی خدمات مہیا کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کی جانب ایک بڑا قدم قرار دیا ہے۔ تربیت حاصل کرنے والے 50 افراد کے پہلے Batch کو ناگالینڈ کے ہنرمندی اور چھوٹے کاروبار کی ترقی کے مشن نے اسپانسر کیا ہے، جس کی تربیت آج سے شروع کی جارہی ہے۔×

**Kolkata FIRE**

مغربی بنگال کے ضلع جنوبی 24 پرگنہ کے Nazirabad علاقے میں ایک گودام میں لگنے والی ہولناک آگ میں ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد بڑھ کر آٹھ ہوگئی ہے۔ متعدد افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ آگ بجھانے کا عملہ اِس خطرناک آگ کے شعلوں پر قابو پانے کی کوشش کررہا ہے، تاکہ آگ مزید نہ پھیل سکے۔ اِس سانحہ کے بعد سیاسی تنازع بھی شدت اختیار کرگیا ہے۔ BJP نے ریاستی حکومت کی شدید تنقید کی ہے۔ مرکزی وزیر مملکت اور BJP کے سابق ریاستی صدر ڈاکٹر Sukanta Majumdar نے بحران کی اِس گھڑی میں آگ بجھانے والے محکمے کے وزیر کے موجود نہ رہنے پر سوال اٹھایا اور کہا کہ ریاستی حکومت ہلاکتوں کی اصل تعداد کو چھپا رہی ہے۔×

**SL Adani JKH**

سری لنکا میں کولمبو ویسٹ انٹرنیشنل ٹرمنل سی ڈبلیو آئی ٹی نے 2025 میں پورٹ آف کولمبو میں سب سے زیادہ مستعد ٹرمنل کے طور پر اُبھرا ہے۔ اِس ٹرمنل نے سرکاری ایسٹ کنٹینر ٹرمنل سے بھی زیادہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

**Kerala Assembly Sabarimala**

کیرالہ میں اپوزیشن اتحاد، یونائیٹڈ ڈیموکریٹک فرنٹ UDF کے دو ارکانِ اسمبلی نے آج کیرالہ اسمبلی کے سامنے احتجاج کیا اور سبریمالا سونے کی چوری کے معاملے پر وزیر Devaswom کے استعفے کا مطالبہ کیا ہے۔ حزب اختلاف کے لیڈر VD Satheesan نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ کے دفتر نے اِس معاملے کی جانچ کررہی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کے کام میں مداخلت کی ہے۔ اُنہوں نے اِسے ادارہ جاتی سالمیت کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن اپنا احتجاج مزید تیز کرے گی۔ اپوزیشن کے احتجاج پر ردّعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan نے احتجاج کو بے بنیاد قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ احتجاج دراصل حکومت کے خلاف نہیں، بلکہ ہائی کورٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہے۔

وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ سونے کے چوری کے معاملے کی جانچ ہائی کورٹ کی نگرانی میں ہورہی ہے اور اِس میں کسی بھی قسم کی مداخلت کے الزامات عدالتی عمل کو کمزور کرنے کے مترادف ہیں۔ اِس کے بعد اسپیکر کی جانب سے التوا کی تحریک مسترد کئے جانے پر اپوزیشن نے اسمبلی کی کارروائی کا بائیکاٹ کردیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆